SAMPLE QUESTION PAPER

Session - 2011-2012

Urdu Course - A

Class : IX (SA-I) September 2011

M.M.: 90 **Time : 3 hrs**

(حصہ -الف)

.1A مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب پر نشان لگائیے: 5

فلموں اور سیریلوں میں پولس یا جاسوس کو فنگر پرنٹ لیتے ہوئے تم نے بارہا دیکھا ہوگا۔ ان نشانات کی بنیاد پر ہی مجرموں کی شناخت بہ آسانی کی جاسکتی ہے۔ دنیا میں جتنے بھی افراد ہیں خواہ مرد ہوں یا عورت، بچے ہوں یا بوڑھے یا پھر جوان سبھی کی انگلیوں کے نشانات الگ الگ ہوتے ہیں۔ جڑواں بچوں، بھائیوں یا بہنوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کی قدوقامت، شکل وصورت، عادت اور سب کچھ مشترک ہوتا ہے۔ اس کے باوجود ان کی انگلیوں کے نشانات یکساں نہیں ہوتے۔ اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ فنگر پرنٹ ہے کیا۔ کیا ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کے سائز کے عکس کو فنگر پرنٹ کہا جائے گا۔ اس کا جواب ہے قطعاً نہیں۔ فنگر پرنٹ کا تعلّق ہاتھوں کی انگلیوں سے ہوتا ہے۔ اس کے پاؤں اور ہتھیلی کی شمولیت نہیں ہے۔ ان انگلیوں کے آخری سرے پر ناخن کے نیچے جو حصّہ ہوتا ہے ہلکی سیاہی لگا کر جو نشان لیا جاتا ہے اس کو ہی فنگر پرنٹ کہا جاتا ہے۔ اس نشان میں جو دائرہ نما لکیریں نمایاں ہوتی ہیں۔ وہ خاصی کارآمد ہوتی ہیں اور مرتے دم تک قائم و دائم رہتی ہیں۔

(i) مجرموں کی شناخت بہ آسانی کس طرح کی جاتی ہے؟

(a) تصاویر کے ذریعے

(b) خون کے ذریعے

(c) فنگر پرنٹ کے ذریعے

(d) خدوخال کے ذریعے

(ii) کیا کچھ لوگوں کے فنگر پرنٹ آپس میں ملتے ہیں؟

(a) کچھ لوگوں کے فنگر پرنٹ آپس میں ملتے ہیں

(b) فنگر پرنٹ آپس میں نہیں ملتے

(c) چند فنگرز کے نشان آپس میں ملتے ہیں

(d) اکثر لوگوں کے فنگر پرنٹ ملتے جلتے ہوتے ہیں

(iii) فنگر پرنٹ کا تعلق ......

(a) پیروں سے ہوتا ہے

(b) سر کے بالوں سے ہوتا ہے

(c) ہاتھوں کی انگلیوں سے ہوتا ہے

(d) دانتوں کے نشان سے ہوتا ہے

(iv) انگلیوں کے آخری سرے پر ناخن کے نیچے جو حصّہ ہوتا ہے ہلکی سیاہی لگا کر جو نشان لیا جاتا ہے اسے

(a) بلڈ گروپ کہتے ہیں

(b) فنگر پرنٹ کہتے ہیں

(c) ایکسرے کہا جاتا ہے

(d) آپریشن کہا جاتا ہے

(v) کیا فنگر پرنٹ بدلتے ہیں؟

(a) چند ہفتے نہیں بلدتے

(b) مرتے دم تک نہیں بدلتے

(c) بڑھاپے میں بدل جاتے ہیں

(d) جوانی میں نہیں بدلتے

.1B مندرجہ ذیل بند کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے: 5

دنیا کے بیچ، یارو سب زیست کا مزا ہے
جیتوں کے واسطے ہی یہ ٹھاٹھ سب ٹھٹا ہے
جب مر گئے تو آخر پھر عمر خاکِ یا ہے
نہ باپ ہے نہ بیٹا، نہ پار آشنا ہے
ڈرتی ہے روح یارو اور جی بھی کانپتا ہے
مرنے کا نام مت لو ، مرنا میری بلا ہے

(i) شاعر زیست کا مزا کس چیز کو کہہ رہا ہے؟

(a) شام کے وقت کو

(b) دنیا کے بیچ

(c) جانوروں کے بیچ

(d) پہاڑوں کے بیچ

(ii) کن لوگوں کے واسطے ٹھاٹھ ہیں؟

(a) زندہ لوگوں کے واسطے

(b) مردہ لوگوں کے واسطے

(c) جانوروں کے لیے

(d) پرندوں کے لیے

(iii) اس بند میں شاعر نے کس چیز کی اہمیت بتائی ہے؟

(a) زندگی کی

(b) موت کی

(c) جوانی کی

(d) بڑھاپے کی

(iv) شاعر کو کس چیز سے ڈر لگتا ہے؟

(a) بھاگنے سے

(b) سونے سے

(c) مرنے سے

(d) جینے سے

(v) اس بند میں چھ مصرعے ہیں جس نظم میں چھ مصرعے ہوں وہ کیا کہلاتی ہے؟

(a) مخمس

(b) مسدّس

(c) مثنوی

(d) قصیدہ

.2A مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: 10

(i) معاشرہ پر میڈیا کے اثرات

(ii) بڑھتی ہوئی آلودگی

(iii) تعلیم کی اہمیت

.2B اپنی سہیلی/ دوست کو خط لکھیے جس میں اسے دہلی آنے اور تاریخی عمارتوں کی سیر کی دعوت دیجیے۔ 6

یا

ہیلتھ آفیسر کے نام خط لکھیے۔ جس میں علاقے میں ہو رہی گندگی کی طرف توجہ مبذول کرائیے۔

.3A مندرجہ ذیل جملوں میں اسم کی قسم بتائیے: 5

(i) 'شیر خدا' حضرت علیؓ کا کیا ہے؟

(ii) 'علامہ اقبال کو شاعرِ مشرق کہا جاتا ہے۔' اس جملے میں اقبال کیا ہے؟

(iii) چنّو منّو تھے دو بھائی رس گلّے پر ہوئی لڑائی

یہاں چنّو منّو کیا ہیں؟

(iv) ڈاکٹر اے۔ پی۔ جے۔ عبدالکلام کو حکومت نے پدم بھوشن، پدم وبھوشن اور بھارت رتن سے سرفراز کیا۔

اس جملے میں پدم بھوشن، پدم وبھوشن اور بھارت رتن کیا ہیں؟

(v) پوچھتے ہیں وہ کہ 'غالبؔ' کون ہے؟

کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا؟

مندرجہ بالا شعر میں 'کیا' اور 'کون' سے اسم کی کون سی قسم ظاہر ہوتی ہے؟

.3B مندرجہ ذیل جملوں میں اسم کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟ 5

(i) 'ہمارے پڑوس میں ایک شرارتی لڑکا رہتا ہے' اس جملے میں 'لڑکا' کیا ہے؟

(ii) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا

آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

اس شعر میں 'ہونا' اسم کی کونسی قسم ظاہر کرتا ہے؟

(iii) 'ثانیہ مرزا ٹینس کی بہترین کھلاڑی ہے' اس جملے میں کھلاڑی اسم کی کون سی قسم ہے؟

(iv) حکیم اجمل خاں کو قوم نے مسیح الملک کا __________ دیا۔

(v) سرسید احمد خاں کا نام سیّد احمد خاں اور 'سر' __________ تھا۔

(حصہ - ب)

4A. مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب پر نشان لگائیے۔ 10

'برس کی اخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراؤنی اور اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے۔ بجلی تڑپ تڑپ کر گرتی ہے، دل کانپتا ہے، دم گھبراتا ہے، بڈھا نہایت غمگین ہے۔ مگر اس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے، نہ اکیلے پن پر اور نہ اندھیری رات پر اور نہ بجلی کی کڑک اور آندھی کی گونج پر اور نہ برس کی اخیر رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے اور جتنا زیادہ یاد آتا ہے اتنا ہی زیادہ اس کا غم بڑھتا ہے۔ ہاتھوں سے ڈھکے ہوئے منہ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہے چلے جاتے ہیں۔

پچھلا زمانہ اس کی آنکھوں کے سامنے پھرتا ہے، اپنا لڑکپن اس کو یاد آتا ہے۔ جبکہ اس کو کسی چیز کا غم اور کسی بات کی فکر دل میں نہ تھی۔ روپے، اشرفی کے بدلے ریوڑی اور مٹھائی اچھی لگتی تھی۔ سارا گھر ماں، باپ، بھائی، بہن اس کو پیار کرتے تھے پڑھنے کے لیے چھٹی کا وقت جلد آنے کی خوشی میں کتابیں بغل میں لیے مکتب میں چلا جاتا تھا۔ مکتب کا خیال آتے ہی اس کو اپنے ہم مکتب یاد آتے ہیں۔ وہ زیادہ غمگین ہوتا تھا اور بے اختیار چلّا اٹھتا تھا۔ ''ہائے وقت ہائے وقت! گزرے ہوئے زمانے! افسوس کہ میں نے تجھے بہت دیر میں یاد کیا۔''

(i) مندرجہ ذیل عبارت کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) رشید احمد صدیقی

(b) سرسید احمد خاں

(c) منشی پریم چند

(d) صالحہ عابد حسین

(ii) بڈھا کیوں غمگین تھا؟

(a) برس کی اخیر رات پر

(b) بارش کی وجہ سے

(c) اپنے اکیلے پن پر

(d) اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرکے

(iii) برس کی اخیر رات سے کیا مراد ہے؟

(a) رات کا آخری پہر

(b) سال کی آخری رات

(c) برسات کی رات کا آخری پہر

(d) برسات کا آخری پہر

(iv) بوڑھے کو اپنے کس زمانے کی باتیں یاد آتی تھیں؟

(a) جوانی کی

(b) بڑھاپے کی

(c) لڑکپن کی

(d) ادھیڑپن کی

(v) بڈھا اپنے گزرے ہوئے وقت کو کیا کہہ کر یاد کرتا ہے؟

(a) اے وقت تو کیوں گزر گیا

(b) ہائے وقت ہائے وقت! گزرے ہوئے زمانے افسوس کہ میں نے تجھے بہت دیر میں یاد کیا

(c) ہائے وقت! افسوس کہ میں نے تجھے بہت دیر میں یاد کیا

(d) ہائے وقت تو کیوں گزر گیا میں نے تجھے کیوں گنوا دیا

4B. عباسی نصیر کی بھولی بھولی باتوں پر نثار ہوگئی۔ مگر وہ اپنی محبت کو شاکرہ سے چھپاتی تھی۔ اس لیے کہ ماں کے دل میں رشک پیدا نہ ہو۔ وہ نصیر کے لیے ماں سے چھپ کر مٹھائیاں اور کھلونے لاتی اور اسے کھلا کر خوش ہوتی تھی۔ وہ دن میں دو دو، تین تین بار اسے ابٹن ملتی کہ بچہ خوب پروان چڑھے۔ وہ اسے دوسروں کے سامنے کوئی چیز نہ کھلاتی کہ بچے کو نظر نہ لگ جائے۔ ہمیشہ دوسروں سے بچہ کی کم خوری کا رونا روتی۔ اسے نظرِ بد سے بچانے کے لیے تعویذ اور گنڈے لاتی رہتی۔ یہ اس کی خالص مادرانہ محبت تھی۔ جس میں اسے اپنے روحانی احتظاظ کے سوا کوئی غرض نہ تھی۔

اس گھر سے نکل کر عباسی کی وہ حالت ہوئی جو تھیٹر میں یکا یک بجلیوں کے گل ہو جانے سے ہوتی ہے۔ اس کی آنکھوں کے سامنے وہی صورت ناچ رہی تھی۔ کانوں میں وہی پیاری پیاری باتیں گونج رہی تھیں۔ اسے اپنا گھر پھاڑے کھاتا تھا۔ اس کال کوٹھری میں دم گھٹا جاتا تھا۔

رات جوں جوں کر کے کٹی۔ صبح کو وہ مکان میں جھاڑو دے رہی تھی۔ یکا یک تازے حلوے کی صدا سن کر بے اختیار باہر نکل آئی مگر یاد آیا۔ آج حلوہ کون کھائے گا؟

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(a) دیہات کی زندگی

(b) جج اکبر

(c) مگر وہ ٹوٹ گئی

(d) گزرا ہوا زمانہ

(ii) عباسی کون تھی؟

(a) نصیر کی دایہ

(b) نصیر کی ماں

(c) نصیر کی پڑوسن

(d) نصیر کی بہن

(iii) عباسی شاکرہ سے اپنی محبت کیوں چھپاتی تھی؟

(a) اسے گھر سے نکالے جانے کا ڈر تھا

(b) صابر حسین سے شکایت کا ڈر تھا

(c) بچے کے چھن جانے کا خوف تھا

(d) شاکرہ کے دل میں حسد پیدا ہو جانے کا ڈر تھا

(iv) گھر سے نکل کر عباسی کی کیا حالت ہوئی؟

(a) اس کی زندگی میں اندھیرا چھا گیا

(b) اس کی زندگی خوشیوں سے بھر گئی

(c) اس سے دو چار قدم بھی نہ چلا گیا اور غش کھا کر گر پڑی

(d) وہ در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو گئی

(v) جھاڑو دیتے وقت عباسی اچانک باہر کیوں گئی؟

(a) صابر حسین کی آواز سن کر

(b) حلوے والے کی آواز سن کر

(c) نصیر کی آواز سن کر

(d) مٹھائی والے کی آواز سن کر

5. منشی پریم چند کی افسانہ نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 4

یا

عبدالحلیم شرؔر نے اپنے مضمون، دیہات کی زندگی میں جو نقشہ کھینچا ہے اسے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

6. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات دیجیے: 4

(i) شاکرہ عباسی سے ناراض کیوں رہتی تھیں؟

(ii) شہر کی زندگی گاؤں کی زندگی سے کس طرح مختلف ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(iii) ڈپٹی نذیر احمد کی زندگی کے دلچسپ پہلو پر روشنی ڈالیے۔

(iv) انشائیہ 'گزرا ہوا زمانہ' کے ذریعے مصنف نے قوم کے جوانوں کو کیا سمجھانے کی کوشش کی ہے؟

7A. مندرجہ ذیل بند کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے جوابات پر نشان لگائیے۔ 4

جو مغرب سے آئے نہ مالِ تجارت تو مرجائیں بھوکے وہاں اہلِ حرفت
ہو تجّار پر بند راہِ معیشت دکانوں میں ڈھونڈیں نہ پائیں بضاعت
پرائے سہارے میں بیوپار واں سب
طفیلی ہیں سیٹھ اور تجار واں سب

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کون ہیں؟

(a) ایک آرزو (اقبالؔ)

(b) سکھ کی تان (میراجیؔ)

(c) تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ (حالؔی)

(d) بول (فیضؔ)

(ii) شاعر کے نزدیک مالِ تجارت کہاں سے آرہا ہے؟

(a) مشرق سے

(b) مغرب سے

(c) شمال سے

(d) جنوب سے

(iii) اگر مالِ تجارت نہ آئے تو اہلِ حرفت کا کیا حال ہوگا؟

(a) زندگی عیش میں گزرے گی

(b) بھوکے مرجائیں گے

(c) بہت محنت کرنی پڑے گی

(d) گھر بیٹھے کھانے کو ملے گا

(iv) سیٹھ اور تجّار کیا ہیں؟

(a) عالم

(b) کھلاڑی

(c) ذہین

(d) طفیلی

.7B مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جوابات کی نشاندہی کیجیے۔ 4

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے

اے وؔلی اب اس پری رؤ کی
مج سنے کا غبار کھوتی ہے

اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا
لوہو آتا ہے جب نہیں آتا

دور بیٹھا غبارِ میر اس سے
عشق بن یہ ادب نہیں آتا

(i) مفلسی کیا چیز کھوتی ہے؟

(a) خواہش

(b) اعتبار

(c) محبت

(d) وفا

(ii) کون سی چیز شاعر کے سینے کا غبار کھو رہی ہے؟

(a) محبوب کی محبت

(b) محبوب کی نفرت

(c) محبوب کے چہرے کی چمک

(d) محبوب کی بے اعتنائی

(iii) شاعر کی آنکھوں میں لہو کب آتا ہے؟

(a) محبوب کا انتظار کرتے کرتے

(b) بے التفاتی پر غصّہ کی وجہ سے

(c) محبوب کے وصال کی خوشی میں

(d) محبوب کے فراق میں روتے روتے

(iv) شاعر کے نزدیک عشق سے انسان کیا سیکھتا ہے؟

(a) دوستی

(b) علم

(c) ادب

(d) خودغرضی

.8 حاؔلی کی نظم نگاری پر نوٹ لکھیے: 4

یا

نظم 'رامائن کا ایک سین' میں کس واقعہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اپنے لفظوں میں لکھیے۔

.9 مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے: 4

(i) شاعر صنم سے ملنا کیوں ترک نہیں کر پاتا؟

(ii) اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا

لوہو آتا ہے جب نہیں آتا

اس شعر کے ذریعے شاعر کیا بتانا چاہتا ہے؟

(iii) انقلاب سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) شرافت اور عزّت کا معیار کیا ہے؟ نظم کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(حصہ-ج)

10. نظم 'بنجارہ' کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

یا

اکبر الہ آبادی کی شخصیت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

11. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ 6

(i) شمع کی مانند ہم اس بزم میں چشمِ نم آئے تھے دامن تر چلے
اس شعر میں شاعر شمع کے حوالے سے کیا بات کہنا چاہتا ہے؟

(ii) شاعر نے دِل بے آرزو کو سنسان گھر کیوں کہا ہے؟

(iii) رنگِ رخ اڑنے کا اشارہ کس طرف ہے اور شاعر پُر شکستہ کس کو کہہ رہا ہے؟

(iv) شاعر نے زندگی کو طوفان کیوں کہا ہے؟

12. مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے بارے میں لکھیے: 10

(i) مثنوی

(ii) قطعہ

(iii) نظم

(iv) انشائیہ

• • •